مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ کتاب کی مجموعی حیثیت پر کیا جاتا ہے تمام جزئیات سے ادارہ کا اتفاق نہیں

## سیرت حضرت ابوہریرہ رضؓ

معروف سکالر اور محقق مصنف جناب طالب الہاشمی کی تازہ ترین علمی کاوش ہے علمی ودینی ادبی اور تحقیقی حلقوں اور الحق کے قارئین کے لیے طالب الہاشمی کوئی نیا نام نہیں۔ صحابہ کرامؓ وصحابیاتؓ، اسلامی تاریخ واد آور تذکرہ نگاری وسیرت نویسی کے حوالے سے ان کا نام سند اور ان کا کام ان کی علمی ودینی فکر اور مثبت تحریریں نورٌ علیٰ نورٌ ——— صحابہ کرامؓ میں جہاں حضرت ابوہریرہؓ کو ایک خاص مقام امتیاز اور روایتِ حدیث کے اعتبار سے فضل وتفوق حاصل ہے طلبہ واساتذہ حدیث محققین ومحدثین اور مطالعہ حدیث کا ذوق رکھنے والے احباب کے وہ محبوب راوی اور محسن صحابی ہیں وہاں معاندین دحاسدین اور منکرین حدیث کے جرح وشتم اور بے ہودہ اعتراضات کا ہدف بھی ان ہی کو بنایا گیا ہے محترم جناب طالب الہاشمی صاحب نے حضرت ابوہریرہؓ کی زندگی کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کرکے سوانح نگاری کا حق ادا کیا ہے تحریر شستہ ورواں، طرز ادا سادہ ودلکش اور سلجھا ہوا ہے حسب ضرورت اطناب وایجاز کی صفات سے مزین، ہر بات مستند اور باحوالہ، نام ونسب قبیلہ درس کی تاریخ وتحقیق، ہوت عہد رسالت میں حضرت ابوہریرہؓ کے شب وروز، میدان جہاد میں ان کے کارہائے نمایاں، عہد رسالت کے بعد کی زندگی سفر آخرت کی روئیداد کچھ مخصوص ذاتی حالات، اخلاق وعادات، علمی زندگی، مرویات کی تفصیل ومتعلقات، افتاء وفقاہت، معترضین کے اعتراضات کے جوابات جیسے اہم عنوانات پر علمی اور محققانہ مباحث کا احتواء کیا گیا ہے آخر پر حضرت ابوہریرہؓ کے ڈیڑھ سو مرویات بھی منتخب کرکے شامل کردی گئی ہیں۔ جگہ جگہ مفید حواشی کا اضافہ ہے اور جدت پسندی یہ کہ آغاز میں حواشی کی بھی مستقل فہرست لگا دی گئی ہے احقر نے دو مرتبہ بالاستیعاب پڑھی اور تیسری مرتبہ پڑھنے کو جی چاہتا ہے عمدہ طباعت، شاندار کتابت، مضبوط اور خوبصورت جلد بندی، حرا پبلی کیشنز کے صدر جناب شفیق الاسلام فاروقی کے ذوق طباعت کا عمدہ نمونہ، مؤلف تو ہیں ہی لائق صد تحسین وتبریک، عمدہ طباعت پر ناشر بھی مبارکباد کے مستحق ہیں یہ کتاب ۴۸ روپے میں حرا پبلی کیشنز اردو بازار لاہور سے طلب کی جا سکتی ہے۔